web: www.dailypearlview.com

ABC CERTIFIED

Daily PEARL VIEW

Member AKNS

Rawalakot

ایڈیٹر انچیف: شفقت ضیاء

راولاکوٹ

اسلام آباد

روزنامہ پرل ویو

جلد:09	جمعۃ المبارک 16 فروری 2024ء، 05 شعبان 1445ء، 04 پھاگن، 2081ب	صفحات 04 قیمت 20 روپے	شمارہ:334

Email: dailypearlview@gmail.com

وائس چانسلر جامعہ پونچھ کی زیر صدارت اجلاس، ترقیاتی منصوبوں کی کارکردگی رپورٹ پیش

رجسٹرار ڈاکٹر عبدالروف اور دیگر اعلیٰ انتظامی اور تدریسی افسران کی شرکت، پراجیکٹ ڈائریکٹر انجینئر امتیاز بہار نے بریفنگ دی

عوامی اعتماد حاصل کرنے کیلئے اپنی کامیابی کو کارکردگی سے ثابت کرنا ہے، جو وقت ضائع ہوا اس کا ازالہ کرینگے، ڈاکٹر ذکریا ذاکر

راولاکوٹ (پرل نیوز) وائس چانسلر جامعہ پونچھ پروفیسر ڈاکٹر محمد ذکریا ذاکر (پرائیڈ آف پرفارمنس) نے یہاں جامعہ کی فیکلٹیز کے ڈینز، پرنسپل افسران، سینئر پروفیسرز اور دیگر انتظامی افسران کے اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں جامعہ میں جاری میگا پراجیکٹس اور دیگر منصوبوں پر جاری کام کی پراگریس رپورٹ پیش کی گئی۔ پراجیکٹ ڈائریکٹر فیز ۲ انجینئر امتیاز بہار، ڈائریکٹر ورکس انجینئر وسیم احمد، پراجیکٹ ڈائریکٹر فیز ون انجینئر محمد اقبال نے اپنے منصوبوں سے

(بقیہ 24 صفحہ 03)

راولاکوٹ، وائس چانسلر جامعہ پونچھ ڈاکٹر ذکریا ذاکر انتظامی اور تدریسی افسران کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

متعلق تعمیراتی کام سے متعلق بریفنگ دی۔ اجلاس میں رجسٹرار و ڈین فیکلٹی آف بیسک سائنسز پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف خان، ڈین میڈیکل سائنسز پروفیسر ڈاکٹر عبدالخالق، ڈین سوشل سائنسز پروفیسر ڈاکٹر امتیاز حسین، ڈین ایگریکلچر پروفیسر ڈاکٹر ناصر رحیم، ڈائریکٹر فنانس محمد شمیم خان، کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر امتیاز احمد سمیت اعلیٰ تدریسی وانتظامی افسران موجود تھے۔ وائس چانسلر نے کہا کہ اہداف کے حصول کیلئے ہم نے واضح اور مثبت سوچ اور باہمی تعاون کیساتھ آگے بڑھنا ہے۔ ہم نے محدود وقت میں اپنے اہداف کے حصول کو یقینی بنانا ہے تاکہ جو وقت ضائع ہو چکا اس کا ازالہ ممکن ہو سکے۔ ہمارا ہر دن پہلے سے بہتر ہونا چاہیے۔ اپنی کارکردگی کو بڑھانے کیلئے ہم نے تسلسل کیساتھ اپنے کام کا جائزہ لیتے رہنا ہے۔ اپنی کوششوں کو مزید مربوط بنانا ہوگا۔ میری رہنمائی ہر وقت دستیاب ہے۔ آپ سب کی یہ ذمہ داری ہے کہ تمام شعبوں کے درمیان بہترین ورکنگ ریلیشن شپ ہو۔ ہم نے اپنی کامیابی اپنے کارکردگی سے ثابت کرنا ہے۔ ہم نے عوام کا اعتماد ہر صورت حاصل کرنا ہے تاکہ وہ اپنے بچوں کو اعتماد کیساتھ ہمارے پاس بھیجیں۔ جامعہ پونچھ کے داخلوں میں ہر سال ہونے والا اضافہ ہم پر عوام کے اعتماد کا مظہر ہے۔ ہم نے اس اعتماد کو مزید بڑھانا ہے۔